کل نمبر:25 — اُردو (ہشتم) ٹیسٹ نمبر 1 — وقت: 30 منٹ

چھٹا مہینا، تیسرا ہفتہ، چھٹا دن	**سلیبس:** دہرائی ٹیسٹ (تیسرا ہفتہ)

(حصہ اوّل)

سوال نمبر 1: درج ذیل میں سے درست جواب کے گرد دائرہ لگائیں۔ **(13)**

1۔ بچوں کو چوٹ لگی:

(الف)	ٹکر لگنے سے	(ب)	سیڑھیوں سے گر کر	(ج)	گیند لگنے سے	(د)	شیشہ لگنے سے

2۔ ایسا فعل جو صرف فاعل کے ساتھ مل کر بات پوری ظاہر نہ کرے، اسے کہتے ہیں:

(الف)	فعل لازم	(ب)	فعل متعدی	(ج)	فعل ماضی	(د)	فعل امر

3۔ وہ اسم جو خود تو کسی سے نہ بنے مگر اُس سے کئی کلمے بن سکتے ہوں، کہلاتا ہے:

(الف)	اسم معرفہ	(ب)	اسم نکرہ	(ج)	اسم مصدر	(د)	اسم ذات

4۔ نئے الفاظ یا تراکیب بنانے کے لیے الفاظ کے شروع میں جن الفاظ کا اضافہ کیا جاتا ہے، انھیں کہتے ہیں:

(الف)	لاحقہ	(ب)	تجنیس	(ج)	تشابہ	(د)	سابقہ

5۔ مصدر کی نشان دہی کریں۔ ''ٹھنڈا پانی پینے سے گلا خراب ہو سکتا ہے'':

(الف)	ٹھنڈا	(ب)	پینے ۔مصدر پینا	(ج)	سے	(د)	گلا

6۔ درست محاورہ ہے:

(الف)	آٹھ چاند لگانا	(ب)	سر پیٹنا	(ج)	دس دوبارہ ہو جانا	(د)	پہاڑ سر پر اُٹھانا

7۔ قواعد کی رو سے کسی جملے کے اجزا کا تجزیہ کرنا، کہلاتا ہے:

(الف)	ترکیب حرفی	(ب)	ترکیب جوہری	(ج)	ترکیب نحوی	(د)	ترکیب لفظی

8۔ علامہ محمد اقبال نے خطبہ الٰہ آباد پیش کیا:

(الف)	1933ء میں	(ب)	1931ء میں	(ج)	1932ء میں	(د)	1930ء میں

9۔ علّامہ اقبال کی کتاب کی نشان دہی کریں:

(الف)	بانگ درا	(ب)	شہاب نامہ	(ج)	یادوں کی بارات	(د)	غنچہ و گل

10۔ دُرست تلفُّظ والا لفظ ہے:

(الف)	ز-ی-ن-ت	(ب)	زی-نت	(ج)	زی-ن-ت	(د)	تمام دُرست

☆ مندرجہ ذیل اشعار پڑھ کر سوال نمبر 11، 12 اور 13 کے جواب دیں۔

دور دنیا کا مرے دم سے اندھیرا ہو جائے
ہر جگہ میرے چمکنے سے اجالا ہو جائے
ہو مرے دم سے یونہی میرے وطن کی زینت
جس طرح پھول سے ہوتی ہے چمن کی زینت

11۔ مندرجہ بالا اشعار کس نظم سے لیے گئے ہیں؟

(الف)	حمد	(ب)	نعت	(ج)	بچے کی دعا	(د)	وطن کی مٹی گواہ رہنا

12۔ ہر جگہ میرے چمکنے سے ہو جائے:

(الف)	تاریکی	(ب)	ظلمت	(ج)	سویرا	(د)	اجالا

13۔ میرے دم سے دُور ہو جائے دنیا کا:

(الف)	جھگڑا	(ب)	فساد	(ج)	اُجالا	(د)	اندھیرا

حصہ دوم اور سوم میں سے ایک ایک سوال پوچھا جائے گا۔ تمام سوالات لازمی ہیں ہر سوال کے 6 نمبر ہوں گے۔ **(کل نمبر 12)**

(حصہ دوم)

سوال نمبر 1: ''علم کے فائدے'' یا ''استاد کا مقام'' کے عنوان پر مضمون لکھیں۔

سوال نمبر 2: ''بابر کی دلیری'' کے عنوان پر کہانی لکھیں۔

(حصہ سوم)

سوال نمبر 1: کمپیوٹر کا تحفہ ملنے پر چچا کے نام شکریہ کا خط لکھیں۔

سوال نمبر 2: رسید بابت کرایہ مکان تحریر کریں۔